پاک معاشیات | تالیف: پروفیسر محمد مقیم شیخ شعبۂ معاشیات گورنمنٹ کالج، ملتان۔ شائع کردہ: ندرسنز، لاہور، کراچی، راولپنڈی۔ قیمت دس روپے صفحات ۴۶۶۔

جب سے پنجاب یونیورسٹی اور کراچی یونیورسٹی نے طلباء کو اس امر کا اختیار دیا ہے کہ وہ اگر چاہیں تو امتحانات میں سوالات کے جوابات اردو میں بھی دے سکتے ہیں، اس وقت سے طلبہ میں تعلیم کا ایک نیا احساس اور شعور ابھرا ہے اور وہ مختلف مضامین کو اپنی قومی زبان اردو میں پڑھنے کے آرزومند نظر آتے ہیں۔ اُن کے اس اشتیاق اور ضرورت کے پیش نظر ایف اے اور بی۔ اے کے نصاب بڑی تیزی کے ساتھ اردو میں مرتب ہو رہے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی نوعیت کی ایک کامیاب کوشش ہے۔ یہ کتاب پاکستانی معیشت کے مختلف پہلوؤں سے بڑی عمدگی سے بحث کرتی ہے۔ فاضل مصنف نے اس معاملے میں بڑی عرق ریزی کی ہے اور زیادہ سے زیادہ مستند اور جدید ترین اعداد و شمار کو کتاب میں اکٹھا کیا ہے۔ زبان دلچسپ اور رواں ہے۔ یہ کتاب اگرچہ بی۔ اے کے نصاب کو سامنے رکھ کر لکھی گئی ہے مگر اس سے ملکی معیشت سے دلچسپی رکھنے والے سارے حضرات فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

تفسیر معارف القرآن جلد اوّل | تالیف: شیخ التفسیر والحدیث مولانا محمد ادریس کاندھلوی۔ شائع کردہ: مکتبہ عثمانیہ بیت الحمد ٹنڈو اللہ یار۔

اس فاضلانہ تصنیف کے فاضل مصنف دنیائے اسلام میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ دینی علوم اور خاص طور پر تفسیر، حدیث اور فقہ میں جو انہیں غیر معمولی دسترس حاصل ہے وہ کسی صاحب علم اور صاحب بصیرت سے مخفی نہیں۔ یہ کتاب جو سورۂ فاتحہ اور سورۂ بقرہ کی تفسیر ہے، فاضل مصنف کے تبحر علمی کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ اسے دیکھ کر یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ہمارے اسلاف اور ان کے نقشِ قدم پر چلنے والے بزرگ قرآن مجید کی تفسیر کے لیے کتنی محنت اور کاوش کرتے رہے ہیں۔ اور انہوں نے اس وادی میں قدم رکھنے سے پہلے کن علوم و فنون میں کتنی مہارت حاصل کی۔